سن اشاعت: ۱۴۳۱ھ/ ۲۰۱۰ء
صفحات : ۲۶۴
قیمت : ۱۶۰ روپے

زیر تعارف کتاب ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی کے قرآنی مقالات کا مجموعہ ہے، مختلف زبانوں میں قرآن مجید کی تفسیر لکھی جا چکی ہیں اور قرآنی موضوعات پر بے شمار کتابیں منصۂ شہود پر آچکی ہیں۔ اس کتاب میں موجودہ دور کی چند اہم تفاسیر کا مطالعہ اور علوم القرآن کے میدان میں کام کرنے والے چند اہم علماء کی خدمات کا تعارف کرایا گیا ہے۔ یہ کتاب چار ابواب میں منقسم ہے۔ پہلے باب میں سرسید کی تفسیر القرآن اور مابعد تفاسیر پر اس کے اثرات کا جائزہ لیا گیا ہے اور اس تفسیر کی اہم خصوصیات بیان کی گئی ہیں۔ باب دوم میں دو مقالات شامل ہیں۔ پہلے مقالہ میں بیسویں صدی کے علماء ہند نے عربی زبان میں تفاسیر وحواشی علوم قرآن پر تحقیقات وتالیفات اور ان کی نشر واشاعت کی جو گراں قدر خدمات انجام دی ہیں ان سے بحث کی گئی ہے۔ دوسرے مقالہ کے تحت حروف مقطعات سے متعلق مباحث پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ باب سوم میں چار مشہور علماء، مولانا سید سلیمان ندویؒ، مولانا امین احسن اصلاحیؒ، مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ اور مولانا صدرالدین اصلاحیؒ کی تفسیری خدمات کے کچھ اہم پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ آخری باب میں گزشتہ دو دہائیوں میں قرآنی موضوعات پر شائع ہونے والی بتیس (۳۲) کتابوں پر نقد وتبصرہ کیا گیا ہے اور وہ یہ ہیں۔ اردو رسائل کے قرآنی مضامین کا اشاریہ (ڈاکٹر ابوسفیان اصلاحی)، امام حسن بصری اور ان کی تفسیری خدمات (احمد اسماعیل البسیط)، برصغیر میں مطالعہ قرآن (سہ ماہی فکر ونظر اسلام آباد کی خصوصی اشاعت)، بین علم آدم والعلم الحدیث [علم آدم اور سائنس] (مولانا محمد شہاب الدین ندوی)، پوری کائنات محو عبادت ہے (ڈاکٹر ابوالحیات اشرف)، 'تدبر قرآن' پر ایک نظر (مولانا جلیل احسن ندوی)، تذکرہ حیوانات قرآن کریم میں (ڈاکٹر میر گوہر علی خاں)، تذکرۃ القراء (محمد الیاس الاعظمی)، تعلیمات قرآن (اشہد جمال ندوی)، ذبیح کون؟ اسحاقؑ یا اسماعیلؑ [انگریزی] (عبدالستار ندوی)،

علامہ شبلی نعمانی کی قرآن فہمی (ڈاکٹر محمد سعود عالم قاسمی)، گجرات کے علماءِ حدیث وتفسیر (محبوب حسین عباسی)، قاموس الفاظ واصطلاحات قرآن (افادات مولانا امین احسن اصلاحی)، قرآن اور علم الافلاک (پروفیسر حکیم سید کمال الدین حسین ہمدانی)، قرآن اور منافقین کا کردار (فاطمۃ الزہراء)، قرآن حکیم اور علم نباتات (مولانا شہاب الدین ندوی)، قرآن کا راستہ (خرم مراد)، قرآن کریم میں نظم و مناسبت (ڈاکٹر عبیداللہ فہد فلاحی)، قرآن کی دعوت فکر (مولانا محمد سعود عالم قاسمی)، قرآن کے تدریسی مسائل (مولانا محمد فاروق خاں)، قرآن مبین کے ادبی اسالیب (ڈاکٹر عبیداللہ فہد فلاحی)، قرآن مجید اور دنیائے حیات (مولانا محمد شہاب الدین ندوی)، قرآن، سائنس اور مسلمان (مولانا محمد شہاب الدین ندوی)، جدید علم کلام- قرآن اور سائنس کی روشنی میں (مولانا محمد شہاب الدین ندوی)، قرآنیات کے چند اہم مباحث (ڈاکٹر ابوسفیان اصلاحی)، قرآنی مقالات (ماہ نامہ الاصلاح کے منتخب قرآنی مضامین)، مردود اقوام (ڈاکٹر ابوالحیات اشرف)، المصادر من القرآن الکریم (مولانا عزیز الحق کوثر ندوی)، مفتاح القرآن-تفسیر سوہ انعام (مولانا شبیر احمد ازہر میرٹھی)، نباتات قرآن- ایک سائنسی جائزہ (ڈاکٹر محمد اقتدار حسین فاروقی)، ہندو علماء ومفکرین کی قرآنی خدمات (وزیر حسن)۔ (مرتبہ سیف اللہ)

نام کتاب : قرآنی دروس (حصہ اول)
مصنف : ظفر الاسلام اصلاحی
ناشر : حلقہ درس قرآن، اقرا کالونی، اسلام منزل، اسٹریٹ نمبر ۸، اقرا کالونی، علی گڑھ
ملنے کا پتہ : مکتبہ اسلام، نشیمن مارکیٹ، میڈیکل روڈ، علی گڑھ ۲۰۲۰۰۲
سن اشاعت: ۲۰۱۰ء
صفحات : ۸۸
قیمت : ۵۰ روپے